**Shabbir / Fazil**

**12-08-2026**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج راجیہ سبھا میں، کیرالہ ریاست کے نام کو تبدیل کرنے والا، کیرالہ تبدیلیٔ نام بل 2026 بحث اور منظوری کیلئے پیش کریں گے۔

2- لوک سبھا میں، کانوں اور معدنیات کی ترقی اور انضباط سے متعلق ترمیمی بل کو غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔

3- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووِند کی خود نوشت کا اجراء کریں گے۔

4- نائب صدر سی-پی رادھا کرشنن نے بھارت منڈپم میں ہر گھر ترنگا بائک ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

5- مشرقی راجستھان، وسطی مہاراشٹر، اُڈیشہ، جھارکھنڈ اور گنگائی مغربی بنگال میں آج شدید بارش سے متعلق الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

6- اور نائیجیریا کے لاگوس میں جاری دولتِ مشترکہ تلوار بازی چیمپئن شپ میں، بھارتی تلوار بازوں، کرن سنگھ، Shrjin Shanthimol اور Tanishka کھتری نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. Parliament Today

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج راجیہ سبھا میں کیرالہ تبدیلیٔ نام بل 2026 کو بحث اور منظوری کیلئے پیش کریں گے۔ لوک سبھا نے اِس بل کو کُل منظوری دے دی ہے۔ راجیہ سبھا میں قومی امدادِ باہمی ترقیاتی کارپوریشن ترمیمی بل 2026 کو بھی آج بحث اور منظوری کیلئے پیش کیا جا سکتا ہے۔

لوک سبھا میں کانوں اور معدنیات کی ترقی اور انضباط سے متعلق ترمیمی بل 2026 کو آج غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Arzoo

کیرالہ تبدیلیٔ نام بل 2026، آئین کے پہلے شیڈول میں ریاست کیرالہ کے نام کو 'کیرالم' نام سے تبدیل کرے گا۔ اِس بارے میں قانون ساز اسمبلی نے جون 2024 میں قرارداد منظور کی تھی۔ کیرالہ قانون ساز اسمبلی کی 2024 میں منظور ہوئی قرارداد میں مرکز سے کیرالہ ریاست کے نام کو 'کیرالم' کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ قرارداد میں کہا گیا ہے کہ ملیالم زبان میں ریاست کا نام کیرالم ہے، جبکہ آئین کے پہلے شیڈول میں اِسے کیرالہ لکھا گیا۔

اس دوران کانوں اور معدنیات کی ترقی اور انضباط سے متعلق ترمیمی بل 2026 کا مقصد کانوں اور معدنیات کی ترقی اور انضباط سے متعلق 1957 کے قانون میں ترمیم کرنا ہے۔

وہیں اِس بل کا مقصد بھارت کے کانکنی کے شعبے کو زیادہ مؤثر، سرمایہ کاری کیلئے سازگار اور اہم معدنیات کیلئے ملک کی بڑھتی ضرورتوں سے ہم آہنگ کرنا بھی ہے۔

دلّی سے دلنشیں آرزو کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM Kovind Autobiography

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووِند کی خود نوشت، ''بھارتیہ گن راجیہ کی وجے، میرا جیون میرے سنگھرش'' کا اجراء کریں گے۔ وزیر اعظم اس موقع پر تقریب سے خطاب بھی کریں گے۔

یہ خود نوشت، سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووِند کی زندگی کے سفر، اُن کے تجربوں، جدوجہد اور حصولیابیوں کا انتہائی ذاتی نوعیت کا خاکہ پیش کرتی ہے۔ ساتھ ہی اُن کی شروعاتی زندگی سے لے کر بھارت کے 14 ویں صدر جمہوریہ کے طور پر عوامی زندگی میں اُن کی خدمات کا احاطہ کرتی ہے۔ یہ کتاب اُن اقدار، تجربوں اور حالات سے بھی واقف کراتی ہے، جنھوں نے سابق صدر جمہوریہ کے سفر اور عوامی خدمت کو نمایاں کیا۔

وزیر اعظم کی جانب سے خود نوشت کا اجراء ، بھارت کی سرکردہ عوامی شخصیات میں سے ایک کی زندگی اور اُن کی تعاون کی نشاندہی کرنے کا موقع ہے۔ ×

VP Har Ghar Tringa (Early)

نائب صدر سی-پی رادھا کرشنن نے اب سے کچھ دیر پہلے نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں ہر گھر ترنگا بائیک ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ ہر گھر ترنگا مہم کے تحت ملک بھر میں مختلف پروگراموں کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کُل شہریوں سے فخر، تعظیم اور عظمت کے ساتھ یومِ آزادی منانے اور ترقی یافتہ بھارت کا عزم کرنے کی اپیل کی تھی۔ انسٹاگرام پر پوسٹ کیے گئے اپنے ویڈیو پیغام میں جناب مودی نے لوگوں سے ''ہر گھر ترنگا، گھر گھر ترنگا، ہر من ترنگا'' مہم کے حصے کے طور پر ہر گھر پر قومی پرچم لہرانے کی اپیل کی۔×

Mandviya Cycle Rally

کھیلوں اور نوجوانوں کے امور کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج صبح نئی دلّی کے میجر دھیان چند اسٹیڈیم میں ''ہر گھر ترنگا سائیکل یاترا'' کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ جناب مانڈویا نے مائی بھارت رضاکاروں کے ساتھ دلّی یونیورسٹی تک ریلی کی قیادت کی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے جناب مانڈویا نے کہا کہ ایک ہزار سے زیادہ مائی بھارت رضاکاروں نے ریلی کے ذریعے ملک تک فِٹنیس کا پیغام پہنچایا ہے۔ جناب مانڈویا نے کسی بھی ملک کے ترقی یافتہ ملک بننے میں سائیکل چلانے کے فائدوں کو نمایاں کیا۔

S/B - SI Mansukh Mandviya

J&K Har Ghar Tringa

جموں و کشمیر میں سری نگر میں مشہور ڈَل جھیل کے کناروں سے متصل Boulevard روڈ ہر آج ایک عظیم ترنگا یاترا نکالی گئی۔

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے اس ریلی کی قیادت کی، جس میں ہزاروں طلبا، سرکاری ملازمین، سکیورٹی اہلکاروں اور مختلف طبقات سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔×

Jharkhand Protest

جھارکھنڈ میں JPSC-JSSC کے امیدواروں کا احتجاج 19 ویں دن میں داخل ہوگیا ہے۔ طلبا اپنی بھوک ہڑتال جاری رکھے ہوئے ہیں اور امتحان میں مبینہ بے ضابطگیوں پر کارروائی کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ رانچی میں دیر رات ضلع انتظامیہ احتجاجی مظاہرے کی جگہ پر پہنچنے کے بعد کشیدگی میں اضافہ ہوگیا۔

V/C Mahvish

طلبا نے کل شام خاموش مارچ نکالا اور کہا کہ یہ مارچ پر امن اور جمہوری طریقے سے ان کے مطالبات کو اٹھانے کیلئے تھا۔ بعد ازاں ضلع انتظامیہ کے افسران کی ایک ٹیم، جے پال سنگھ منڈا اسٹیڈیم میں احتجاج کر رہے طلبا کے پاس پہنچی اور بھوک ہڑتال پر بیٹھے طلبا سے بات کی۔

طلبا رہنما نے کہا کہ انتظامیہ نے کور کمیٹی کے ممبران کی تفصیلات مانگی ہیں اور یقین دہانی کرائی ہے کہ وہ اس عمل میں تعاون کر رہے ہیں۔ طلبا لیڈر دویندر ناتھ مہتو، مسلسل 10 ویں دن بھوک ہڑتال پر ہیں اور ان کا صدر اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔ بعد میں بی جے پی رہنما، جن میں ریاستی جنرل سکریٹری اَمر کمار بُوری اور ریاست کے نائب صدر بھانو پرتاپ شاہی احتجاج کے مقام پر پہنچے اور طلبا کیلئے حمایت کا اظہار کیا۔

رانچی سے مہوش رحمٰن کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں …………

BREAK

یہ خبرنامہ آ کاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Mumbai Fire

ممبئی کے وِلے پارلے علاقے میں کل رات آگ لگنے کے حادثے میں دو لوگوں کی موت ہو گئی اور 4 دیگر زخمی ہو گئے۔ انتظامیہ کے مطابق یہ آگ وِلے پارلے ویسٹ میں واقع 12 منزلہ عمارت کی 11 ویں منزل پر لگی۔ BMC ممبئی فائربریگیڈ کنٹرول روم کو رات 10 بجے کے قریب واقعے کی اطلاع ملی۔ BMC ممبئی فائربریگیڈ، ایمبولنس اور دیگر خدمات کو فوری طور پر بروئے کار لایا گیا۔ دیر رات لگ بھگ 12 بجکر 25 منٹ پر آگ پر قابو پایا گیا۔ مزید جانچ جاری ہے۔ x

Morn. PoJK Protests

پاکستان مقبوضہ جموں و کشمیر کی عوامی ایکشن کمیٹی نے دنیا بھر میں کشمیریوں سے کُل مظاہروں کا انعقاد کرنے کی اپیل کی ہے۔ اس طرح اِن مظاہروں کو بین الاقوامی اہمیت حاصل ہو گئی ہے۔عوامی ایکشن کمیٹی نے کہا کہ کئی ملکوں میں پاکستانی سفارتخانوں اور سفارتی مشنوں کے باہر مظاہروں کا انعقاد کرنے کا منصوبہ ہے، تاکہ پاکستان مقبوضہ جموں و کشمیر کے لوگوں کے مسائل کی جانب بڑے پیمانے پر توجہ مبذول کرائی جا سکے۔کمیٹی نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ خطّے میں پاکستانی اسٹیبلشمنٹ کی جانب سے طاقت کے استعمال کے خلاف بین الاقوامی توجہ راغب کرنے کیلئے ریلیوں کا بھی انعقاد کرے۔عوامی ایکشن کمیٹی نے یہ بھی اعلان کیا کہ 14 اگست کو پاکستان کا یومِ آزادی، یومِ سیاہ کے طور پر منایا جائے گا۔x

Keralam Karkkidaka Vavu

کیرالم کے مختلف مندروں میں آج آباو اجداد کو خراج عقیدت پیش کرنے سے متعلق روایتی رسم Karakkidaka Vavu Bali ادا کی جا رہی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Smithy

کیرالم میں آج صبح Karakkidaka Vavu Bali کی رسم شروع ہوگئی۔ بیشتر مندروں میں یہ رسومات صبح ساڑھے تین بجے اور پانچ بجے کے درمیان شروع ہوئیں۔ ملیالم ماہ Karkkidaka نئے چاند کے دن کو مرحومین کیلئے رسومات ادا کرنے کیلئے ہندو روایت میں انتہائی مقدس تصور کیا جاتا ہے۔

مختلفDevaswom بورڈز اور مندروں نے عقیدتمندوں کیلئے زبردست تیاریاں کی ہیں۔ بارش کے مدنظر ندیوں کے کناروں اور ساحلی علاقوں میں سکیورٹی کا اضافی بندوبست کیا گیا ہے۔x

IMD Weather

بھارتی محکمۂ موسمیات نے مشرقی راجستھان، وسطی مہاراشٹر، اُڈیشہ، جھارکھنڈ اور گنگائی مغربی بنگال میں آج شدید بارش سے متعلق اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات کے محکمے نے ملک کے شمال مشرقی حصوں، سکّم، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، چھتیس گڑھ، مغربی مدھیہ پردیش، مغربی راجستھان، گجرات، کونکن، گوا، پنجاب، اتراکھنڈ، ہماچل پردیش، جموں و کشمیر اور انڈمان و نکوبار جزائر میں اگلے دو سے تین دن کے دوران موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمۂ موسمیات کے مطابق آندھرا پردیش، تلنگانہ، کرناٹک، تمل ناڈو، پدوچیری، کرائیکل، جھارکھنڈ، مدھیہ پردیش اور راجستھان میں کل تک تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ ×

HP Rain

ہماچل پردیش کے مختلف مقامات پر مانسون کی لگاتار بارش کی وجہ سے روزمرہ کی زندگی میں رخنہ پڑنے کا سلسلہ جاری ہے۔ کئی مقامات پر مٹّی کے تودے کھسکنے اور پتھروں کے گرنے کی وجہ سے آمدورفت متاثر ہے اور لوگوں کو بجلی اور پانی فراہمی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ بھارتی محکمۂ موسمیات نے ہماچل پردیش کے 6 ضلعوں میں اگلے 12 گھنٹے کے دوران شدید بارش کا اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Ritesh Kapoor

ہماچل پردیش میں زیادہ تر مقامات پر رک رک کر بارش ہو رہی ہے جس سے کئی علاقوں میں معمول کی زندگی متاثر ہوئی ہے۔ منڈی میں ضلع انتظامیہ نے موسلا دھار بارش کی وجہ سے مٹی کے تودے کھسکنے اور پتھر گرنے کے خطرے کے پیشِ نظر، منڈی اور کُلّو کے درمیان قومی شاہراہ 21 اور منڈی اور جوگندر نگر کے درمیان قومی شاہراہ 154 پر کل رات سے موٹر گاڑیوں کی آمدروفت پوری طرح معطل کردی ہے۔ اس کے علاوہ ریاست کی دیگر 204 سڑکوں کو بھی ٹریفک کیلئے بند کردیا گیا ہے۔

اس دوران، شملہ کے محکمۂ موسمیات نے چھ ضلعوں: کانگڑہ، منڈی، کلّو، شملہ، چمبا اور لاہول - اسپیتی میں تیز بارش کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔

ریاستی حکومت نے لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ چوکس رہیں اور مقامی انتظامیہ کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری ہونے والی ہدایات پر عمل کریں۔

شملہ سے رتیش کپور کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ......

Odisha Rain

اُڈیشہ میں ایک بار پھر دور دور تک بارش ہونے کا امکان ہے، جبکہ خلیج بنگال پر ہوا کے کم دباؤ کا حلقہ بن رہا ہے۔ بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے ریاست کے زیادہ تر مقامات پر ہلکی سے درمیانی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ حالانکہ اکّا دُکّا مقامات پر کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہوسکتی ہے۔ محکمے نے آج Angul اور Keonjhar اضلاع کیلئے اورینج الرٹ جاری کیا ہے، جبکہ بالاسور، بھدرک، جاج پور، کیندرپاڑہ، کٹک اور سمبل پور سمیت کئی دیگر ضلعوں کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ماہی گیروں کو صلاح دی گئی ہے کہ وہ سمندر میں اونچی لہریں اٹھنے کے مدِ نظر چوکس رہیں۔x

Shivraj Plantation

زراعت اور کسانوں کی بہبود کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان آج نئی دلی میں ہریالی اماوسیہ کے موقع پر بڑے پیمانے پر شجرکاری مہم میں حصہ لیں گے۔ ملک بھر میں جناب چوہان کے وِکِسِت بھارت سنکلپ یاترا ابھیان سے جڑے ہزاروں کارکن بھی اُن کی اپیل پر اپنے گاؤوں اور شہروں میں اس مہم میں حصہ لیں گے۔ ملک میں 50 ہزار سے زیادہ پودے لگانے کا اجتماعی عہد کیا گیا ہے۔x

SC Cancer

سپریم کورٹ نے باقی 19 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے کہا ہے کہ وہ کینسر کو ''قابل اطلاع مرض'' قرار دینے پر غور کریں تاکہ مرض کا جلد پتہ لگایا جا سکے اور مریضوں کے مناسب علاج کویقینی بنایا جا سکے۔

بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی ایک بنچ نے کل یہ ہدایت جاری کی۔ عدالت کو بتایا گیا تھا کہ 36 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں میں سے17 نے پارلیمانی قائمہ کمیٹی کی سفارشات کے بعد پہلے ہی قابل اطلاع بیماری کے طور پر پہلے ہی کینسر کو نوٹیفائی کردیا ہے۔

مرکز نے عدالت کو بتایا کہ صحت ریاست کا موضوع ہے اور واضح کیا کہ 17 ریاستوں نے پہلے ہی کینسر کو نوٹیفائی کردیا ہے۔

عدالت نے باقی ماندہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ سفارشات پر غور کریں اور مناسب فیصلہ کریں۔ اس نے تعمیل سے متعلق حلف نامے داخل کرنے کی بھی ہدایت دی۔x

SEBI Issues Revised Guidelines

بھارت کے تمسکات اور مبادلہَ زر سے متعلق بورڈ SEBI نے اپنے مالی نتائج، اسٹاک ایکسچینج میں جمع کرانے کے مقصد سے Listed میونسپل قرض تمسکات کے ساتھ میونسپلٹیوں کیلئے مقررہ مدت میں نرمی کی ہے۔

SEBI نے اپنے مقررہ ضوابط کے تحت یہ نرمی کی ہے۔ کل جاری نظر ثانی شدہ فریم ورک کے تحت، Listed میونسپلٹیوں کو اب پہلے نصف سال کے 60 دن کے اندر اندر، اپنے غیر آڈٹ شدہ۔ششماہی مالی نتائج جمع کرانے ہوں گے جبکہ اس سے پہلے نتائج جمع کرانے کی حتمی مدت محض 45 دن تھی۔

اب آڈٹ رپورٹ کے ساتھ سالانہ آڈٹ شدہ مالی نتائج مالی سال کے اختتام کے 90 دن کے اندر اندر جمع کرانے کی اجازت دی گئی ہے جبکہ اس سے پہلے یہ نتائج صرف 60 دن کے اندر جمع کرانے ہوتے تھے۔x

Rev.Commonwealth Fencing

نائیجیریا کے لاگوس میں جاری دولتِ مشترکہ تلوار بازی چیمپئن شپ میں بھارت کی تمغے جیتنے والی متاثرکُن کارکردگی جاری ہے۔ مردوں کے سینئر مقابلوں میں کل رات بھارت کے کرن سنگھ اور Sherjin Shanthimol نے ملک کیلئے سونے کے تمغے جیتے۔ وہیں مردوں کے سینئر Foil مقابلے میں بھارت کے تلوار باز Tejas پاٹل نے بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے کانسے کا تمغہ جیتا۔ اِدھر خواتین بھارتی تلوار بازوں نے بھی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا اور خواتین کے سینئر Epee مقابلے میں تین تمغے جیتے۔ اِن میں Tanishka کھتری کا سونے کا تمغہ اور اُن کی ہم وطن خوشی دابھاڑے کا چاندی کا تمغہ شامل ہے۔ x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......عبد المالک

شکریہ۔ضمیر

قومی راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخباروں نے الگ الگ خبروں کو اپنی شہ سرخی کیلئے منتخب کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ کی ایک خبر کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی آج سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووند کی خود نوشت ''بھارتیہ گن راجیہ کی وجے، میرا جیون میرے سنگھرش'' کا اجراء کریں گے۔

اسی اخبار پرتاپ نے دلی اسمبلی میں قومی گیت وندے ماترم گونجنے اور وزیراعلیٰ ریکھا گپتا اور ممبران اسمبلی کے ترنگا لئے ہوئے اسمبلی پہنچنے کو بڑی خبر بنایا ہے۔

جبکہ پرتاپ نے حج کمیٹی کی چیئرپرسن کوثر جہاں کے اس بیان کو بڑی خبر بنایا ہے کہ قلیل مدتی حج کے تمام منتخب امیدواروں کی منظوری ایک مستحسن قدم اور دلی حج کمیٹی آئندہ کارروائی کیلئے پوری طرح تیار ہے۔

انقلاب کی ایک خبر کے مطابق، بحریہ کے سربراہ کرشنا سوامی ناتھن کا ماریشس دورہ-سمندری سلامتی میں تعاون پر بات چیت۔

روزنامہ پرتاپ نے محکمۂ موسمیات کی جانب سے ہماچل پردیش میں انتہائی شدید بارش کی وارننگ جاری کئے جانے کی خبر دی ہے۔

اور عالمی خبروں میں:

امریکی صدر ڈونلڈٹرمپ کا ایران سے معاوضے کے مطالبے اور آبنائے ہرمز پر مذاکرات جاری رہنے کی خبر کو روزنامہ انقلاب نے نمایاں کیا ہے۔ اس کے علاوہ کولمبیا میں زلزلے سے زبردست تباہی، سینکڑوں ہلاکتیں، قومی ایمرجنسی کا اعلان۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ آج راجیہ سبھا میں، کیرالہ ریاست کے نام کو تبدیل کرنے والا، کیرالہ تبدیلیٔ نام بل 2026 بحث اور منظوری کیلئے پیش کریں گے۔

2- لوک سبھا میں، کانوں اور معدنیات کی ترقی اور انضباط سے متعلق ترمیمی بل کو غور و خوض اور منظوری کیلئے پیش کیا جائے گا۔

3- وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں سابق صدر جمہوریہ رام ناتھ کووِند کی خود نوشت کا اجراء کریں گے۔

4- نائب صدر سی-پی رادھا کرشنن نے بھارت منڈپم میں ہر گھر ترنگا بائک ریلی کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔

5- مشرقی راجستھان، وسطی مہاراشٹر، اُڈیشہ، جھارکھنڈ اور گنگائی مغربی بنگال میں آج شدید بارش سے متعلق الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

6- اور نائیجیریا کے لاگوس میں جاری دولتِ مشترکہ تلوار بازی چیمپئن شپ میں، بھارتی تلوار بازوں، گرن سنگھ، Shrjin Shanthimol اور Tanishka کھتری نے سونے کے تمغے جیتے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---